ہالینڈ کی نیشنل پارلیمنٹ ہاؤس میں آمد اور فارن افیئرز کمیٹی کے زیراہتمام منعقدہ تقریب میں شمولیت۔حاضرین سے خطاب اور سوالوں کے جوابات

مسجد مبارک ہیگ سے چار بج کر پندرہ منٹ پر ہالینڈ کی نیشنل پارلیمنٹ ہاؤس کے لئے روانگی ہوئی۔ پارلیمنٹ کی عمارت ہماری مسجد سے چند کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پارلیمنٹ میں تشریف آوری ہوئی۔ جہاں پارلیمنٹ کی فارن افیئرز کمیٹی کے سیکرٹری Mr. Theo Vantoor نے پارلیمنٹ ہاؤس کے مین دروازے پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور حضور کا استقبال کیا اور اپنے ساتھ پارلیمنٹ کی عمارت کے اندر لے گئے۔

چار بج کر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کانفرنس ہال میں تشریف لائے جہاں پارلیمنٹ کی فارن افیئرز کمیٹی کے قائمقام چیئرمین Harry Van Bommel حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی آمد سے قبل ہی تمام ممبران اور مہمانان کرام اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ چکے تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سٹیج پر تشریف لائے۔سٹیج پر قائمقام چیئرمین فارن افیئرز کمیٹی کے علاوہ اس کمیٹی کے پانچ ممبران بیٹھے تھے۔

اس تقریب کی میزبانی کے فرائض ممبر آف ڈچ پارلیمنٹ Harry van Bmmel صاحب جو کہ ڈچ پارلیمنٹ کی فارن افیئرز کمیٹی کے قائمقام چیئرمین ہیں نے ادا کئے۔

آج کے اس پروگرام کے آغاز میں سب سے پہلے چیئرمین کمیٹی نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا کہ ڈچ پارلیمنٹ کی سٹینڈنگ کمیٹی آف فارن افیئرز کی طرف سے سب سے پہلے میں حضرت خلیفۃ المسیح مرزا مسرور احمد صاحب سربراہ جماعت احمدیہ مسلمہ عالمگیر کو خوش آمدید کہتا ہوں ۔ میں اپنے دیگر ساتھی ممبران پارلیمنٹ جن کا تعلق سویڈن، سپین، آئرلینڈ، کروشیا اور مانٹینیگرو سے ہے کو بھی خوش آمدید کہتا ہوں۔ اسی طرح سپین اور ڈنمارک کے ایمبیسیڈر کو بھی خوش آمدید کہتا ہوں۔ اس تقریب کی کارروائی نہ صرف ہالینڈ بلکہ دنیا بھر میں لائیو نشر کی جارہی ہے۔

حضرت عزت مآب! آپ کی ہالینڈ کی قومی اسمبلی میں تشریف آوری سٹینڈنگ کمیٹی آف فارن افیئرز کیلئے باعث افتخار ہے۔ ہم دنیا بھر میں احمدی مسلمانوں کے حالات سے بخوبی آگاہ ہیں۔ ہمارے لئے باعثِ مسرت ہے کہ آپ امن کے فروغ اور بین المذاہب ہم آہنگی کے بارہ میں اپنے نظریات ہم تک پہنچائیں گے۔

اس کے بعد موصوف نے حضور انور ایدکم اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں خطاب کی درخواست کی۔

اس کے بعد پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔ جس کا اردو مفہوم ذیل میں پیش کیا جارہا ہے۔